**SET-4**

**Series : GBM/1**

کوڈ نمبر
Code No. **258/1**

**Roll No.** | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- برائے مہربانی چیک کیجئے کہ اس سوال کے پرچہ میں چھپے ہوئے صفحات **4** ہیں۔
- سوال کے پرچہ کے داہنی طرف کوڈ نمبر لکھا ہوا ہے جو طلباء کو اپنی جواب کی کاپی کے اوپر لکھنا ہے۔
- برائے مہربانی چیک کیجئے کہ سوال کے پرچہ میں **25** سوال ہیں۔
- **برائے مہربانی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح 10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 منٹ سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **4** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **25** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# ہوم سائنس (تھیوری)

# HOME SCIENCE (Theory)

مقررہ وقت : 3، گھنٹے | کُل نمبر : **70**

*Time allowed : 3 hours* | *Maximum marks : 70*

**عام ہدایات :**

*(i)* سبھی سوال لازمی ہیں۔

*(ii)* سوالوں کی مجموعی تعداد **25** ہے۔

*(iii)* سوال نمبر **1** سے **6** تک ہر سوال **1** نمبر کا ہے۔ ہر سوال کا جواب **ایک** یا دو لائینوں میں دیجیے۔

*(iv)* سوال نمبر **7** سے **13** تک ہر سوال **2** نمبر کا ہے۔ ہر ایک سوال کا جواب **10** سے **20** لفظوں میں دیجیے۔

*(v)* سوال نمبر **14** و **15** ہر ایک سوال **3** نمبر کا ہے۔ ہر ایک سوال کا جواب **20** سے **30** لفظوں میں دیجیے۔

*(vi)* سوال نمبر **16** سے **21** تک ہر ایک سوال **4** نمبر کا ہے۔ ہر ایک سوال کا جواب **40** لفظوں میں دیجیے۔

*(vii)* سوال نمبر **22** سے **25** تک ہر ایک سوال **5** نمبر کا ہے۔ ہر سوال کا جواب **50** سے **60** لفظوں میں دیجیے۔

*(viii)* مثالوں کی مدد سے اپنے جواب لکھیے جن سوالوں میں مثالیں دینا ضروری ہیں۔

1. گیہوں کے آٹے کا تھیلا اور آم کے اچار کی شیشی خریدتے وقت، *fssai* کے علاوہ آپ کو ان پر لگے کون سے اسٹینڈرڈ مارک دیکھنے چاہئیں ؟ 1

2. MGNREGA کے تحت کام کرنے والوں کو کام کرنے کی جگہ پر کون سی دو سہولتیں دی جاتی ہیں ؟ 1

3. آئی سی ڈی ایس (ICDS) کے اسٹاف کو ایک حاملہ عورت کو دی جانے والی پروٹین کی روزانہ کی ضرورت میں کی گئی تبدیلی کی انفارمیشن دیں۔ 1

4. ریشمی ساڑی کو کوالٹی اور اصلی ہونے کا نشان بنا کر دکھایئے۔ 1

5. ایک پوشاک کے لیبل پر 'ٹمبل ڈرائی (tumble dried) نہ کرنے' اور 'کم درجہ حرارت پر استری کرنے' کی احتیاط کرنے کے لیے نشان بنا کر دکھایئے۔ 1

6. پوشاک کی کٹائی کپڑے کی لمبائی (selvedge) کے ساتھ-ساتھ ہوئی ہے، آپ کو کن دو نشانیوں (indicators) سے اس کا پتہ چلتا ہے ؟ 1

7. آپ اپنے کپڑے انٹرنیٹ کے ذریعے کیوں نہیں خردنا چاہتے، اس کے چار اسباب لکھیے۔ 2

8. شریمتی جین نے پوشاک کی سائنس (Apparel Science) میں مہارت حاصل کر کے ایک بوٹیک (Boutique) بنائی ہے۔ جس سے انہیں کوئی فائدہ نہیں ہو رہا ہے۔ انہیں اپنے فیلڈ میں کاروبار کو بڑھانے کے چار مشورے دیجیے۔ 2

9. ریٹائرڈ ہونے کے بعد گپتا جی کو گھر پر اُکتاہٹ ہونے لگی ہے۔ دل بہلانے کے مقصد سے آپ انہیں کون سے چار کاموں (سرگرمیوں) کو کرنے کا مشورہ دیں گے ؟ 2

10. فوڈ سیفٹی اینڈ اسٹانڈرڈ اتھارٹی آف انڈیا (fssai) نے کن دو وجوہات کی وجہ سے گُڑ (Jaggery) کے ملاوٹی ہونے کا اعلان کیا ہوگا ؟ ایسے گڑ کو استعمال کرنے سے صحت پر کون سے دو خراب (برے) اثرات پڑ سکتے ہیں ؟ **2**

11. آپ کا پلان، ایک مضبوط کپڑا، ایک مشہور دکان سے خریدنے کا ہے۔ اپنے اس مقصد کو پورا کرنے کے لیے آپ کپڑے کی کونسی چار خصوصیات کی جانچ کریں گے ؟ **2**

12. ایک بچے کی پوشاک کا ڈیزائن بناتے وقت آپ کن چار باتوں کو خاص طور پر دھیان میں رکھیں گے ؟ **2**

13. کلورین کی گولیوں کا استعمال کرنے کے بعد بھی پینے کے پانی کو غیر محفوظ کہا گیا ہے۔ اس کی چار ممکنہ وجوہات کیا ہوسکتی ہیں ؟ **2**

14. سولہ سال کی گریما کا دوست گونیش اس کی مرضی کے خلاف اس سے جسمانی تعلقات (physically intimate) بنانا چاہتا ہے۔ اگر آپ گریما ہوتے تو اپنے دوست کو کن چار طرح سے منع کرتے ؟ اپنے انکار کرنے کے دو اسباب بھی بتائیے۔ **3**

15. تین اسباب بتا کر سنیل کو اپنے مہینے کے خرچ کا حساب۔ کتاب (رکارڈ) لکھنے کے لیے ترغیب دیں۔ خرچ کو رکارڈ کرنے کا مناسب فارمیٹ بھی پیش کریں۔ **3**

16. صارفین کے ذریعے کی جانے والی ایسی آٹھ ممکن غلطیاں بتائیے جن کی وجہ سے وہ اپنی شکایت صارفین عدالت (consumer court) میں درج نہیں کرا پاتے۔ **4**

17. باورچی خانے کی ایسی آٹھ جگہیں بتائیے جہاں گندگی جمع ہو جاتی ہے اور ان کی طرف دھیان دینا ضروری ہے۔ **4**

18. چوبیس سال اور پچاس سال کی عورتوں کی شادی شدہ زندگی، ان کا کیریئر (career)، گھر اور فیملی میں ہونے والی ذمہ داریوں کا موازنہ کیجیے۔ **4**

19. جسپریت کور ایک نرس ہے، جو اپنے ماں-باپ کے ساتھ پنجاب میں رہتی ہے۔ ان کے کھانے کی چیزوں کا انتخاب کرنے کو متاثر کرنے والے کوئی چار عوامل مختصراً بیان کیجیے۔ اس کو فیملی کے لیے روزانہ کھانے کا پلان بنانے کے چار اسباب بتائیے۔ 4

20. ''صارفین کی دو خاص پریشانیاں صارف پروڈکٹس کی قیمتوں اور ان سے متعلق معلومات سے جڑی ہیں۔'' اس قول کی تائید چار-چار مثالیں دے کر کیجیے۔ 4

21. اپنی پوشاک کو باکس میں رکھنے سے پہلے، رینا نے اس کے دھبے چھڑا دیے تھے۔ تین مہینے کے بعد اس میں دھبے اور چھید دیکھ کر اس کو بہت حیرانی ہوئی۔ دونوں چیزوں؛ یعنی دھبوں کو چھڑانے اور باکس میں رکھتے وقت اس نے کون سے چار-چار قدم غلط اٹھائے ہوں گے ؟ 4

22. سینیر سٹیزن اسکیم (Senior Citizen Scheme) اور پی پی ایف (PPF) (پبلک پرویڈینٹ فنڈ) کی کسی پانچ خصوصیات کا موازنہ کیجیے۔ 5

23. نوبلوغت (adolescents) میں آئی پانچ سماجی اور جذباتی تبدیلیاں بتائیے۔ ان تبدیلیوں کا اثر ان کی شخصیت پر کس طرح سے پڑتا ہے ؟ 5

24. ایک فیملی کو دوپہر کے کھانے میں چھولے بھٹورے، اچار اور دہی دیا گیا ہے۔ ایک حاملہ عورت اور بہت زیادہ ہائی بلڈ پریشر (hypertension) کے مریض کے فیملی ممبران کے لیے، اس کے کھانے کی جانچ کیجیے، ان کے لیے اس میں تبدیلی کا مشورہ بھی دیجیے۔ اپنے جواب کی حمایت میں مناسب اسباب بیان کیجیے۔ 5

25. اُوشا اسکول کے بچوں کے لیے ایک شلوار-قمیض کا ڈیزائین بنانا چاہتی ہے۔ ڈیزائین کے پانچوں اصولوں کا استعمال وہ اس پوشاک میں کس طرح کرسکتی ہے ؟ تصویروں کی مدد سے سمجھائیے۔ 5

---